Patient Information

# Methotrexate Tablet

## Indications:

Oral Methotrexate is mostly indicated in inflammatory diseases like rheumatoid arthritis and psoriasis. It may also be used for other conditions.

## Directions for use:

- Swallow the tablets with a glass of water, do not crush or chew them
- The medication may take 3-6 weeks before you notice any benefit
- Regular lab tests are recommended during treatment
- Do not discontinue methotrexate without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to methotrexate
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Are undergoing radiation treatment
- Have liver, lung, kidney disease or bone marrow disorder
- Have stomach ulcer
- Have recently undergone surgery
- Have been advised surgery
- Have an infection
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast feeding

## Side effects:

- Mouth ulcers
- Nausea, loss of appetite
- Sensitivity to the sun
- Diarrhoea
- Hair loss

You may be prescribed folic acid supplement to reduce the likelihood of side effects.

## Dietary considerations:

Food items that may increase the risk of infection include food made from unpasteurized milk, such as soft cheese.

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Immediately contact your doctor for any suspected overdose
- Overdose symptoms may include pale skin, easy bruising or bleeding, unusual weakness, mouth sores, nausea, vomiting, black or bloody stools, coughing up blood or vomit that looks like coffee grounds, and urinating less than usual or not at all

## Drug interactions:

- Do not start using a new medication without telling your doctor

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- If unused, return the drug to the pharmacy for proper disposal
- Do not share your medicine with anyone

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# میتھوٹریکسیٹ گولیاں

## استعمال

منہ سے لی جانے والی دوا میتھوٹریکسیٹ عضلات اور جوڑوں کے درد کی کئی اقسام اور سورائسس (چنبل) میں استعمال ہوتی ہے تاہم اسے کئی اور بیماریوں میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- یہ دوا گولی کی شکل میں پانی کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔گولی کو توڑنے یا چبانے سے گریز کریں۔
- دوا کے فوائد ظاہر ہونے میں 3 سے 6 ہفتے لگ سکتے ہیں۔
- علاج کے دوران کچھ لیب ٹیسٹس تجویز کیے جائیں گے لہذا اس بات کا خیال رکھیں کہ یہ ٹیسٹس باقاعدگی سے کروائے جائیں۔
- ڈاکٹر سے مشورے کے بغیر میتھوٹریکسیٹ کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو میتھوٹریکسیٹ سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا نسخے کے بغیر کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ کا بذریعہ تابکاری علاج ہو رہا ہو۔
- آپ کو پہلے سے جگر، پھیپھڑوں، گردوں یا ہڈیوں کے گودے (بون میرو) کی کوئی بیماری ہو۔
- آپ کو معدے کا السر ہو۔
- آپ کا حال ہی میں آپریشن ہوا ہو یا آپریشن کا مشورہ دیا گیا ہو۔
- آپ کسی بھی قسم کا انفیکشن ہو۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات

کچھ بہت عام ضمنی اثرات درج ذیل ہیں:

- منہ کے چھالے
- چکر آنا، بھوک نہ لگنا
- دھوپ سے حساسیت
- ڈائریا
- بالوں کا گرنا

ان ضمنی اثرات میں کمی کے لیے اضافی فولک ایسڈ تجویز کیا جاسکتا ہے۔

## غذائی احتیاط

ایسی خوراک سے اجتناب کریں جو انفیکشن کے امکانات میں اضافہ کرسکتی ہو مثلاً ایسے دودھ سے بنی ہوئی اشیا (پنیر وغیرہ) کا استعمال جو جراثیم سے پاک نہ ہو۔

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے دوا کھالیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہوگیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
- پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھالیں تو:

- فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

## اضافی خوراک لینے کی علامات:

زرد جلد، جلد پر بآسانی نیل پڑ جانا یا خون بہنا، غیر معمولی کمزوری، منہ میں چھالے، متلی، قے جو دانے دار کافی کی شکل کی ہو، سیاہ رنگ کا فضلہ یا فضلے میں خون آنا اور معمول سے کم پیشاب آنا یا بالکل نہ آنا۔

## ادویات کا تعامل

- ڈاکٹر کو آگاہ کیے بغیر کوئی نئی دوا استعمال نہ کریں۔

## دوا کی حفاظت

- دوا کمرے کے درجہ حرارت پر رکھیں اور دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات کو بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اگر دوا استعمال نہ ہوئی ہو تو فارمیسی پر واپس کردیں تاکہ اسے مناسب انداز میں تلف کردیا جائے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔

---

مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,

Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi